© rasailojaraid.com



ادارہ

# اظہار تشکر بنام تعزیت کنندگانِ محترم

محترم المقام صد احترام زیدت معالیکم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! آپ حضرات نے محدث جلیل شیخ الحدیث حضرت مولانا سمیع الحق شہید رحمۃ اللہ علیہ کے حادثہ فاجعہ وشہادت عظمیٰ پر جو تعزیت نامہ ارسال فرمایا اور حقانی خاندان کے ساتھ جس غم واندوہ کے حالات میں محبت واخلاص کا اظہار فرمایا ہے اس پر تہہ دل سے ممنون وشکر گزار ہوں۔ یہ صدمہ صرف حقانی خاندان، جامعہ حقانیہ کے اساتذہ وطلبا اور علماء کرام کا ہی نہیں بلکہ پورے عالم اسلام کے علمی برادری کا صدمہ ہے، حضرت شیخ الحدیث شہیدؒ کو شہادت مطلوب و مقصود تھی وہ تو اپنی تمنا پا کر فائز المرام ہو گئے مگر اپنی نسبی اولاد کے ساتھ ساتھ اپنے روحانی ابناء، طلباء، علما اور اہل اسلام کے دردمند افراد کو بھی یتیم چھوڑ گئے۔

آپ کے پیغام اور تعزیتی مکتوب سے بے حد حوصلہ، تسلی اوراطمینان قلبی حاصل ہوا، خصوصاً جو حضرات بذات خود دارالعلوم تعزیت کے لئے دارالعلوم حقانیہ تشریف لائے اور ہمارے غم میں شریک ہوئے، امید ہے آئندہ بھی اپنی تشجیعات سے نوازتے رہیے گا، حضرت شیخ شہید رحمۃ اللہ علیہ کے ایصال ثواب، دعائے مغفرت کا اہتمام جاری رکھئے، ہمارے تمام حقانی خاندان کیلئے صبر وحوصلہ اور استقامت اور حضرت شیخ شہیدؒ کے مشن کو زندہ وتابندہ رکھنے کی صلاحیت اور توفیق کی دعائیں فرمائیں۔ رب رحیم وکریم آپ حضرات کو اس قدر محبت والفت، ہمدردی وشفقت اور تعزیت وتسلی کے ایک ایک لفظ پر کروڑہا اجر وثواب عطا فرمائیں۔

واجرکم علی اللہ

والسلام

| | | |
|---|---|---|
| (مولانا) محمد انوار الحق حقانی | (مولانا) حامد الحق حقانی | (مولانا) راشد الحق سمیع |
| مہتمم جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک | نائب مہتمم جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک | مدیر الحق جامعہ دارالعلوم حقانیہ |

© rasailojaraid.com